© rasailojaraid.com



**سہ ماہی جمعیت سادات لاہور** پاکستان کے سادات نے بھی دوسری اقوام کی طرح خود کو منظم کرنے کا عمل شروع کیا ہے اور جمعیت سادات کے نام سے ایک تنظیم قائم کی ہے۔ جمعیۃ سادات کے تحت ایک سہ ماہی مجلہ اسی عنوان سے شروع کیا گیا ہے جس کا یہ پہلا شمارہ ہے۔ اس میں مولانا ابوالحسن علی ندوی، مولانا وحیدالدین خان، مولانا محمد منظور نعمانی، جسٹس پیر کرم شاہ اور سید جعفر شاہ پھلواری جیسے ممتاز اہلِ علم کے مضامین شامل ہیں۔ کتابت و طباعت عمدہ ہے۔ جناب سید محمد انور جیلانی اس کے منتظم و مدیر ہیں۔ ایک شمارہ کی قیمت ۲۵ روپے اور سالانہ ایک سو روپے ہیں خط و کتابت کا پتہ یہ ہے۔ منیجر سہ ماہی جمعیت سادات، پٹھان بلڈنگ، ۸۸ میکلوڈ روڈ، لاہور۔

---

برطانیہ کے اخبارات میں بشپ آف ڈرہم کے اس بیان کو جلی سرخیوں کے ساتھ شائع کیا گیا ہے جس میں انہوں نے عصرِ حاضر کے خاتمے پر یسوع کی جسمانی واپسی پر شک و شبہ کا اظہار کیا تھا۔ بشپ ڈیوڈ جینکنس نے ریڈیو پر اپنے ایک بیان میں کہا کہ وہ اسے درست خیال نہیں کرتے کہ "کسی شخص کے بادلوں میں سے اترنے وغیرہ کے تصور کو لغوی مفہوم میں لیا جائے۔ بی بی سی ریڈیو نیوکاسل پر وہ اپنی نئی کتاب FREE TO BELIEVE (آزادیٔ ایمان) جو بی بی سی نے شائع کی ہے، کا تعارف کرا رہے تھے۔ انہوں نے قربِ قیامت کے بارے میں نیا نقطۂ نظر اختیار کرنے پر زور دیا۔

ابتدائی انتظامات کے مطابق کتاب کے اجراء کے ساتھ ٹیلی ویژن پروگرام بھی دکھایا جانا تھا جس میں انہوں نے گذشتہ سال حصہ لیا تھا۔ عجیب ستم ظریفی یہ ہے کہ کتاب میں انہوں نے اپنے نظریات کے دفاع کے ساتھ ذرائع ابلاغ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے کیونکہ ذرائع ابلاغ نے انہیں منکرِ مسیحیت کے طور پر پیش کیا تھا جبکہ بی بی سی ریڈیو نیوکاسل سے وہ وہی کچھ کہہ رہے تھے جو اس تنقید کا باعث بنا تھا۔

ان کے اس نئے بیان کے بعد اخبارات میں بدون شادی پیدائش، رفعِ مسیح، مسیح کے دوبارہ جی اٹھنے سے متعلق ان کے سابقہ بیانات سے دوبارہ دلچسپی شروع ہو گئی ہے جو انہوں نے ۱۹۸۴ء اور ۱۹۸۹ء کے درمیان مختلف اوقات میں دیے تھے۔

ریڈیو نیوکاسل پر اپنے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وہ اختتامِ زمانہ سے متعلق امیجری پر ایمان رکھتے ہیں کہ یہ علامتی طرزِ اظہار ہے نہ کہ واقعات کا حقیقی بیان۔ سنڈے ایکسپریس لندن نے ریورنڈ ٹونی گیٹن کا بیان شائع کیا ہے جس میں انہوں نے بشپ سے استعفا کا مطالبہ کیا ہے کیونکہ "ان کے نقطۂ نظر کا دفاع ممکن نہیں۔"

(رپورٹ۔ دی چرچ آف انگلینڈ نیوز پیپر بشکریہ عالم اسلام اور عیسائیت نومبر ۱۹۹۱ء)

© rasailojaraid.com